16/09/2012

پریس اطلاعات بیورو
(وزیراعلیٰ اطلاعات کیمپس)
محکمہ اطلاعات وزابطہ عامہ اترپردیش

وشوکرما جینتی پر وزیراعلیٰ کی دلی مبارکباد

-لکھنؤ: ۱۶ر ستمبر ۲۰۱۲ء

اترپردیش کے وزیراعلیٰ جناب اکھلیش یادو نے وشوکرما جینتی پر دست کاروں اور انجینیئر وں کو نیک خواہشات اور مبارکباد پیش کی ہے ۔

ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ ملک اور ریاست کی اقتصادی ترقی اور نوتعمیر میں تکنیکی ماہرین کا اہم کردار ہے ۔انہوں نے دست کاروں اور انجینیئر وں سے ملک اور سماج کی مستحکم ترقی میں معیار پر مبنی تعمیر کو اولیت دینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ پیمانوں کے مطابق تعمیری کام ہونے سے عوام میں حکومت کی بہتر شبیہ بنتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ انجینیئر وں کی صلاحیت کے مکمل استعمال سے ہی اس کا حقیقی فائدہ عام لوگوں کو آسانی سے مل سکتا ہے ۔

جناب یادو نے انجینیئر وں سے نہایت جدید تکنیک کا استعمال کر تعمیری کاموں کو ایمانداری سے کرنے کی اپیل کی ہے ۔انہوں نے کہا کہ انجینیئر وں کو چاہئے کہ وہ مساوات پر مبنی سماج کی تعمیر اور اترپردیش کو ملک کی صف اول کی ریاست بنانے میں اپنی صلاحیت کا بہتر طریقے سے استعمال کرنے کا عہد لیں ۔

☆☆☆☆☆